SUMMARY

قانون نافذ کرنے والے اداروں میں اپنے حقوق سے آگاہ ہوں

- آپ کو قانون نافذ کرنے والے کسی بھی ادارے کے کسی بھی سوال کے جواب سے انکار کرنے اور خاموش رہنے کا حق حاصل ہے۔
- آپ کے گھر میں داخل ہونے اور تلاشی لینے کے لئے قانون نافذ کرنے والے ایجنٹوں کے پاس تلاشی کا خاص اور ہر طرح سے درست و مکمل اجازت نامہ ہونا ضروری ہے۔
- غیر شہریوں کو اپنی امیگریشن حیثیت کے بارے میں سوالات کے جواب دینا ضروری نہیں ہے۔ اپنی شہریت کی حیثیت کے بارے میں نہ تو جھوٹ بولیں اور نہ ہی جعلی دستاویزات فراہم کریں۔
- اگر آپ کو گرفتار کیا جائے تو وکیل سے بات کرنے کی درخواست کریں اور پھر جب تک آپ اٹارنی سے ملاقات نہ کر لیں، پولیس سے بات نہ کریں۔
- پولیس کے امتیازی سلوک یا ہراسگی کی اطلاع دینے کے لئے CAIR سے رابطہ کریں۔

KNOW YOUR RIGHTS

With Law Enforcement

یہ معلومات قانونی ایجنسی نہیں ہے

CAIR

Council on American-Islamic Relations

WWW.CAIR.COM

KNOW YOUR RIGHTS

قانون نافذ کرنے والے اداروں سے واسطہ پڑے تو آپ کے حقوق:

- آپ کو قانون نافذ کرنے والے کسی بھی ادارے (مقامی، ریاستی یا وفاقی) کے کسی بھی سوال کے جواب سے انکار کرنے اور خاموش رہنے کا حق حاصل ہے۔ سوالات کے جواب دینے سے انکار کرنا آپ کے خلاف نہیں جا سکتا اور اس سے یہ مراد نہیں لیا جا سکتا کہ آپ کچھ چھپا رہے ہیں۔ قانون نافذ کرنے والے آپ سے شناختی دستاویز یا کار رجسٹریشنز طلب کر سکتے ہیں۔ لیکن یہ رکاوٹ مختصر دورانیے کے لئے ہونی چاہیے، اور آپ کو اس کے علاوہ دیگر کسی بھی قسم کے سوالوں کے جواب نہیں دینا ہوتے۔
- آپ کو یہ حق بھی حاصل ہے کہ جب آپ قانون نافذ کرنے والے اداروں (مقامی، ریاستی، یا وفاقی) کے ساتھ بات کریں تو کوئی وکیل موجود ہو، خواہ آپ گرفتار نہ کیے گئے ہوں اور کوئی قانونی مشکل نہ ہو۔ یہ حقوق تمام افراد، شہریوں اور غیر شہریوں کو حاصل ہیں۔
- غیر شہریوں کو اپنی امیگریشن حیثیت کے بارے میں سوالات کے جواب دینا ضروری نہیں ہے۔ اپنی شہریت کی حیثیت کے بارے میں نہ تو جھوٹ بولیں اور نہ ہی جعلی دستاویزات فراہم کریں۔ جھوٹی شناختی دستاویزات ساتھ لئے پھرنے سے اجتناب کریں۔
- آپ کے گھر میں داخل ہونے کے لئے قانون نافذ کرنے والے ایجنٹوں کے پاس تلاشی کا اجازت نامہ ہونا ضروری ہے۔ اگر وہ کہیں کہ ان کے پاس تلاشی کا اجازت نامہ ہے تو انہیں گھر میں داخل ہونے کی اجازت دیے بغیر اجازت نامہ دکھانے کو کہیں (دستاویز کھڑکی سے دکھا دیں، دروازے کے نیچے سے دستاویز کھسکا دیں وغیرہ)۔ اجازت نامے سے واضح ہو گا کہ کس چیز کی تلاشی لی جا سکتی ہے اور اس پر کسی جج کے دستخط ہونا لازمی ہیں۔ اگر اجازت نامہ مکمل نہیں یا آپ کوئی غلطی دیکھیں تو کہ دیں کہ آپ ''تلاشی دینے پر رضامند نہیں۔'' خوش اخلاق رہیں اور شائستگی دکھائیں اور یاد رکھیں کہ آپ کو خاموش رہنے کا حق حاصل ہے۔ اگر آپ کا کوئی اٹارنی ہو تو فوراً ان سے رابطہ کریں اور تلاشی کے دوران ان کے ساتھ فون پر رہیں۔ تحریر کر لیں یا ویڈیو بنا لیں کہ کیا کچھ لے جایا گیا ہے اور کون کون سی جگہوں کی تلاشی لی گئ تھی لیکن تلاشی میں مداخلت نہ کریں۔ تلاشی کا اجازت نامہ قانون نافذ کرنے والوں کو آپ کی گرفتاری کا حق نہیں دیتا۔ تاہم تلاشی کے دوران برآمد ہونے والی اشیاء وغیرہ کی بنیاد پر انہیں آپ کو گرفتار کرنے کا حق حاصل ہو سکتا ہے۔ گرفتاری میں مزاحمت نہ کریں۔
- قانون نافذ کرنے والے اداروں سے جھوٹ بولنا، انہیں گمراہ کرنا، یا متضاد بیانات دینا ایک جرم ہے جو کسی بھی صورت میں کبھی بھی نہیں کیا جانا چاہیے۔

اگر قانون نافذ کرنے والے آپ کے پاس آئیں تو آپ کیا کریں:

- اگر آپ گھر میں ہیں تو باہر نکل آئیں اور ان کے ساتھ بات کرنے سے پہلے اپنے پیچھے دروازہ بند کر دیں۔
- اگر آپ کام پر ہوں تو انہیں اپنے کام کرنے کی ذاتی جگہ سے دور لے جائیں۔
- اگر آپ کو بلایا جائے تو کسی پر سکون جگہ پر چلے جائیں۔
- افسر یا ایجنٹ سے ان کا کاروباری کارڈ طلب کریں یا ان سے ایجنسی کے نام، اس افسر/ایجنٹ کے نام، فون اور ای میل کی معلومات حاصل کریں۔
- پھر شائستگی سے کہیں کہ ''میرا اٹارنی آپ سے رابطہ کرے گا'' اور ملاقات ختم کر دیں۔
- قانونی مدد کے لئے فوراً CAIR سے رابطہ کریں۔

اگر قانون نافذ کرنے والے کسی عوامی مقام پر آپ کے پاس آئیں تو آپ کیا کریں:

- اگر آپ کو چلتے ہوئے روک لیا جائے تو آپ کسی بھی قسم کے سوالات کے جواب دینے کے پابند نہیں ہیں لیکن پوچھے جانے پر اپنا نام، پتہ اور عمر (اور اگر کوئی حوالہ دیا جائے تو شناختی دستاویز) بتانے سے گرفتاری سے بچنے میں آپ کو مدد مل سکتی ہے۔
- افسر کو بتائے بغیر آپ بیگ یا جیب میں ہاتھ نہ ڈالیں (وہ سوچ سکتے ہیں کہ آپ ہتھیار کے لئے ہاتھ ڈال رہے ہیں)۔

اگر آپ کو گرفتار کیا جانا ہو:

- اگر آپ کو گرفتار کیا جانا ہو تو پولیس کو آپ اور آپ کے ارد گرد کی جگہ کی تلاشی کا حق حاصل ہے۔ تاہم آپ ہمیشہ شائستگی سے کہیں اور واضح کریں کہ ''میں تلاشی پر رضامند نہیں ہوں''۔
- آپ سے سوالات کرنے سے پہلے افسر کو آپ کو آپ کے میرینڈا حقوق پڑھ کر سنانے چاہیے، جن میں آپ کا خاموش رہنے اور اٹارنی حاصل کرنے کا حق شامل ہیں۔ اپنے خاموش رہنے کے حق کے تحفظ کے لئے آپ کو شائستگی سے واضح طور پر بیان کرنا چاہیے کہ ''میں چپ رہنا چاہتا ہوں۔'' خاموشی کو آپ کے خلاف استعمال نہیں کیا جا سکتا۔ آپ کو وضاحت کے ساتھ اٹارنی کے اپنے حق پر زور دینا چاہیے اور کہنا چاہیے کہ ''میں وکیل سے بات کرنا چاہتا ہوں۔'' اگر آپ 18 سال سے کم ہیں تو آپ اپنے والد یا والدہ یا سرپرست سے بھی بات کرنے کا پوچھ سکتے ہیں۔ ایک بار اپنے حقوق واضح کر دینے کے بعد اپنے اٹارنی سے ملنے تک پولیس سے بات نہ کریں۔
- افسر کا نام اور بَیج نمبر پوچھنا آپ کا حق ہے۔ اپنے ہاتھ وہاں رکھیں جہاں پولیس انہیں دیکھ سکے۔ مزاحمت نہ کریں، نہ ہی دوڑیں، نہ ہی پولیس افسر کو چھوئیں۔ پر سکون رہیں اور بحث نہ کریں۔ اگر آپ کو پولیس کار کے اندر یا قریب ٹھہرایا جائے تو خواہ پولیس افسر آپ کے قریب نہ ہو اور آپ سمجھیں کہ آپ تنہا ہیں تب بھی اس بات کا دھیان رکھیں کہ کوئی بھی بات آپ نے کہی تو وہ ریکارڈ ہو سکتی ہے۔
- کبھی بھی کوئی غلط معلومات نہ دیں۔
- اگر آپ کے پاس موبائل فون ہے تو قانون نافذ کرنے والے اہلکاروں کو اس آلے کی تلاشی کی اجازت نہیں ہے بشرطیکہ ان کے پاس اس کام کا اجازت نامہ ہو یا آپ انہیں اجازت دے دیں۔